# PRESS RELEASE

For immediate release
February 17, 2020

## SECP organizes awareness session on Regulatory Sandbox

Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) hold workshop to attracted corporate, startups, brokers and insurance firms looking to leverage existing or new technology in an innovative way to deliver new financial products or services in the market.

In this regard, the SECP opened their first cohort under Pakistan's first ever Regulatory Sandbox on **February 1 2020**. They are becoming increasingly popular regulatory tools internationally. As of now, more than 50 countries have introduced their respective regulatory sandboxes with similar objectives.

With the aim to promote innovation and encourage entities/persons involved in the market, SECP organized introductory awareness sessions in **Karachi** and **Lahore** on **11th** and **13th February** respectively.

"The SECP is taking various initiatives to create an enabling regulatory framework for facilitating startups in Pakistan. These measures will attract local and international innovators. Launching of the regulatory sandbox initiative is one of the steps in this direction," said Shauzab Ali, SECP's Commissioner for Information System and Technology, speaking at the session in Karachi.

Aligning with the Government's vision of Digital Pakistan, Abdul Rahim Ahmad, Chief Information Officer, emphasized on the need and importance of Regulatory Sandbox in Pakistan and the criticality of encouraging FinTech products, which are duly evaluated and approved for scaling up through the sandbox. He also highlighted how several regulators across the world have launched a Regulatory Sandbox that has helped to change the landscape of digital innovation in the financial sector. Mr Rahim also shared basic concepts of sandbox along with international examples based on different technologies adopted through Regulatory Sandbox.

In a fast-paced interactive workshop, participants held discussions and provided their feedback on the Regulatory Sandbox Guidelines and the application criteria. The workshops were organized by the SECP at Pakistan Institute of Corporate Governance in Karachi and at the National Incubation Centre at the Lahore University of Management Sciences (LUMS) in Lahore.

The SECP has a dedicated mailbox (sandbox@secp.gov.pk) for any queries with respect to the Regulatory Sandbox.

ایس ای سی پی کا ریگولیٹری سینڈ بکس کے بارے میں آگہی سیمینار

اسلام آباد(فروری 17 ) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے حال ہی میں متعارف کروائے گئے ریگولیٹری سینڈ بکس کے حوالے سے آگہی فراہم کرنے کے لئے سیمینار منعقد کئے۔ لاہور اور کراچی میں منعقد کئے گئے سیمنار میں سٹار اپ اور مالیاتی کمپنیوں کو ریگولیٹری سینڈ بکس میں رجسٹریشن کے طریقہ کار، شرائط وضوابط اور فوائد سے آگاہ کیا گیا۔

پاکستان کے مالیاتی شعبے میں جدت اور نئی نئی مصنوعات اور خدمات کے فروغ کے پیش نظر، ایس ای سی پی نے یکم فروری سے ملک کے پہلے ریگولیٹری سینڈ بکس میں شمولیت کے لئے کمپنیوں سے درخواستیں وصول کرنے کا اعلان کیا تھا۔ ریگولیٹری سینڈ بکس میں شمولیت کے لئے رجسٹرڈ کمپنیاں، غیر رجسٹرڈ اسٹارٹ اپس اور دیگر اہل افراد وادارے یکم فروری سے 15 مارچ تک درخواستیں جمع کرواسکیں گے۔

ریگولیٹری سینڈ بکس میں کاروباری ادارے کسی بھی پراڈکٹ، خدمت، طریقہ کار یا بزنس ماڈل کو محدود پیمانے پر ایک کنٹرولڈ ریگولیٹری ماحول میں تجرباتی طور پر متعارف کروا سکتے ہیں۔ ریگولیٹری سینڈ بکس کی سہولت ایس ای سی پی کے ریگولیٹری سکیٹر میں آنے والے تمام شعبوں جیسے کہ انشورنس، کیپیٹل مارکیٹ، نان بینکنگ فنانشل سیکٹر اور تمام کارپوریٹ سیکٹر کے لئے دستیاب ہے۔ ریگولیٹری سینڈ بکس دنیا کے ترقی یافتہ ممالک میں تیزی سے مقبول ہو رہا ہے۔ اب تک 50 ممالک ریگولیٹری سینڈ بکس متعارف کروا چکے ہیں۔

سیمینار میں سٹارٹ اپ، انشورنس کمپنیوں، مالیاتی اداروں کے نمائندوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ایس ای سی پی کے حکام نے شرکاء کو بتایا کہ تمام درخواستوں کی ابتدائی سکریننگ اور تفصیلی جائزہ لیا جائے گا۔ سینڈ باکس میں شامل کئے گئے کامیاب درخواست دہندگان اپنے منفرد کاروباری آئیڈیاز اور ان کے حل چھ ماہ تک اس خصوصی رعایتی ماحول میں جانچ سکیں گے ۔ تجرباتی مدت کی تکمیل پر ،سینڈ باکس میں رجسٹرڈ کاروباری ادارے تجربے کی تفصیلی رپورٹ ایس ای سی پی کو پیش کریں گے۔ ان رپورٹ کی بنیاد پر ان مالیاتی پراڈکٹ اور کاروباری آئیڈیاز کے حوالے سے آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔

ایس ای سی پی کے کمشنر انفرمیشن ٹیکنالوجی اور سیکورٹیز مارکیٹ، جناب شوذب علی نے شرکاء کو مالک میں کاروباری آسانیوں کے لئے گئے اقدمات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایس ای سی پیمملک میں سرمایہ کارانہ ماحول بنانے کے لئے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کو فروغ دے رہاہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ریگولیٹری سینڈ بکس کے قائم ہونے سے کئی بین الاقوامی سرمایہ کار پاکستان میں راغب ہوں گے۔

ایس ای سی پی کے چیف انفارمیشن آفیسر، عبدالرحیم احمد نے پاکستان میں ریگولیٹری سینڈ باکس کی ضرورت اور اس کی اہمیت اور فن ٹیک مصنوعات کی حوصلہ افزائی کی ضرورت پر زور دیا ۔ انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں متعدد ریگولیٹرز نے ریگولیٹری سینڈ باکس متعارف کروائے ہیں جس سے مالیاتی

شعبے میں ڈیجیٹل جدت کے منظر نامے کو تبدیل کرنے میں مدد ملی ہے۔ رحیم نے ریگولیٹری سینڈ باکس کے ذریعے اپنانے والی مختلف ٹیکنالوجیز پر مبنی بین الاقوامی مثالوں کے ساتھ ساتھ سینڈ باکس کے بنیادی تصورات بھی شیئر کیے۔

اس انٹرایکٹو ورکشاپ میں، شرکاء نے ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے استعمال کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیا اور ریگولیٹری سینڈ باکس گائیڈ لائنز اور درخواست کے معیار پر اپنی تجاویز او آراء دیں۔ ایس ای سی پی نے ان ورکشاپس کا انعقاد کراچی میں پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس اور لاہور میں یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائنسز (LUMS) کے نیشنل انکیوبیشن سینٹر میں کیا۔

ریگولیٹری سینڈ باکس کے حوالے سے کسی بھی معلومات کے حصول کے لئے ایس ای سی پی دیئے گئے میل باکس (Sandbox@secp.gov.pk) پر رابطہ کریں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005